سوال

(15) کیا محبت وطن ایمان ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا وطن سے محبت کرنا ایمان ہے، جیسا کہ ایک حدیث بھی ہے۔ وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

"حب الوطن من الإيمان"

''وطن سے محبت کرنا ایمان میں سے ہے۔''

یہ حدیث موضوع ہے۔ (سلسلة الاحاديث الضعيفه۔ 32)

اوراس کا معنی بھی درست نہیں کیونکہ حب وطن، نفس اور مال جیسی محبت کی طرح ہے اور یہ سب انسانی طبیعت کا حصہ ہیں۔ جس کی محبت پر تعریف نہیں کی جاتی اور نہ ہی یہ ایمان کے لیے لازم ہے۔

کیا آپ نے مشاہدہ نہیں کیا کہ لوگ اس محبت میں باہم شریک ہوئے ہیں۔ خواہ مومن ہوں، یا کافر، اس بارے میں ان کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔ (نظم الفرائد: 1/44)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

ایمان کے مسائل کا بیان وعدہ "وعید" تارک الصلاۃ کا حکم صفحہ: 92

محدث فتویٰ